# پس منظر نامہ3

فوری طور پر جاری کرنے کے لیے
2021FIN0023-000744
اپریل 20, 2021

وزارت خزانہ

**عالمی وباء کے دوران اور اس کے بعد لوگوں کی اعانت کرنا**

برٹش کولمبیا کے باشندے اس وائرس سے لڑنے اور دوبارہ سے زندگی کی راہ پر گامزن ہونے کے لئے بھر پور کوشش کر رہے ہیں۔ حکومت یہاں پر موجود ہے، برٹش کولمبیا کے باشندوں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ لوگوں کو عالمی وباء کے دوران مدد فراہم کرنے اور یہ یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لئے کہ جب بی.سی. بحالی کی طرف بڑھے تو لوگ مذید پیچھےنہ رہ جائیں، بجٹ 2021 میں بی.سی. کو ہر کسی کے لئے مذیدقابل استطاعت بنانے کے لئے معاونت اور خدمات شامل ہیں۔

**سب کے لیے قابل استطاعت بی. سی. کی تشکیل**

**12سال اور اس سے کم عمر کے بچوں کے لئے مفت عوامی آمدورفت**

صوبہ بھر میں 340،000 سے زیادہ بچے، 12 سال اور اس سے کم عمر کے، اس ستمبر میں کلاسوں کے لئے شروع ہونے پر پبلک ٹرانسپورٹ میں مفت سواری کر سکیں گے۔ حکومت اہل خانہ کو سفر کرنے کی زیادہ قابل استطاعت سہولت فراہم کرنے میں مدد کے لئے 26 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے، جس میں فیڈرل-پرووِنشل ری اسٹارٹ ایگریمنٹ (Federal-Provincial Restart Agreement) سے 15 ملین ڈالر شامل ہیں۔ ٹرانس لنک کی سروس ایریاکے اہل خانہ، ماہانہ پاس استعمال کرنے والے ہر بچے پر ایک سال میں672ڈالر تک کی بچت کریں گے ، جبکہ بی سی ٹرانزٹ جن کمیونٹیز میں سفری خدمات فراہم کرتی ہے، ان میں رہنے والےکنبوں کو ایک سال میں400 ڈالر تک کی بچت ہوسکتی ہے۔

**تعلیم میں سرمایہ کاری کے ذریعہ بی.سی. کے نوجوانوں کی اعانت کرنا**

عالمی وباء بی.سی. کے نوجوانوں، اساتذہ اور معاون عملے پرخصوصا مشکل رہی ہے۔ 2021 کے بجٹ میں اسکولوں میں ذہنی صحت سے متعلق معاونت تک رسائی کو بہتر بنانے اور نسل پرستی کے حل اور مفاہمت کے لئے ایک فریم ورک تیار کرنے کے لئے بی. سی. کے تعلیمی نظام میں سرمایہ کاری جاری رکھی گئی ہے تاکہ آئندہ نسل اس محفوظ طریقے اور اعانت کے ساتھ ترقی کر سکے گی جس کی انہیں ضرورت ہے۔ 2021 کے بجٹ میں بی. سی. کے K-12 نظام میں طلبا کی بڑھتی ہوئی تعداد کی اعانت کرنے اور اساتذہ اور معاون عملے کے لئے سسٹینیبل سروسس نیگوشیئٹنگ مینڈیٹ (Sustainable Services Negotiating Mandate) کے تحت طے شدہ اجرت میں اضافے کی مالی اعانت کے لئے مالیاتی منصوبے پر 1.2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ 2021 کے بجٹ میں صوبہ بھر کی کمیونٹیوں میں اسکولوں کی توسیع، تبدیلی، بحالی یا تزئین و آرائش کے لیے مالیاتی منصوبے کے عرصے میں 3.5 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری بھی شامل ہے۔

**پورے بی.سی.کی کمیونٹیز میں زیادہ قابل استطاعت مکانات کی تعمیر**

2018 میں حکومت کے اپنے منصوبے، 10-سالہ مکانات برائے بی.سی.لانچ کرنے کے بعد سے 26،000 سے زیادہ نئے مکانات تعمیر ہو چکے ہیں یا زیر تعمیر ہیں۔ 2021 کے بجٹ میں بڑھتے ہوئے خاندانوں، بزرگوں، تشدد کی جگہوں کو چھوڑنے والےخواتین اور بچوں، طلباء اور سودیشی باشندوں کو مکانات کے زیادہ قابل استطاعت مواقع پیدا کرکے اس کلیدی ترجیح کی اعانت جاری رکھی ہے۔اس میں، اگلے تین سے پانچ سالوں میں درمیانی آمدنی والے خاندانوں کے لئے تقریباً9,000 نئے مکانات کی تشکیل کے لئے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے ہاؤسنگ ہب(HousingHub) پروگرام کے ذریعہ 2 بلین ڈالر کی ترقیاتی فنانسنگ بھی شامل ہے۔

**برٹش کولمبیا کے لوگوں کے لیےقابل استطاعت چائلڈ کیئر**

گذشتہ چار سالوں میں تاریخی سرمایہ کاری کے ذریعے اب 35،000 سے زیادہ بی.سی. کے خاندانوں کو کم لاگت والی بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) تک رسائی حاصل ہے۔ بجٹ 2021 میں حکومت نے تمام خاندانوں کے لئےبچوں کی معیاری اور قابل استطاعت دیکھ بھال کی فراہمی کے منصوبے کو جاری رکھا، جس میں چائلڈ کیئر بی.سی.یونیورسل پروٹوٹائپ سائٹس(Childcare BC Universal Prototype Sites) کے ذریعہ بچوں کی دیکھ بھال کی 10 $ فی دن والی جگہوں کی تعداد کودوگنا سے بھی زیادہ کرنے کے ساتھ ساتھ کارکنوں کے لئے اجرت میں بہتری اور ہزاروں نئی جگہوں کا اضافہ کرناشامل ہے۔

**بی سی ریکوری بینیفٹ**

مقامی معیشتوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے بی سی ریکوری بینیفٹ(BC Recovery Benefit) نے اب تک تقریباً2.5 ملینب رٹش کولمبیا کے باشندوں کی 1.2 بلین ڈالر کے ساتھ مدد کی ہے۔ یہ بینیفٹ اہل خاندانوں اور واحد والد/والدہ (سنگل پیرنٹ) کے لئے1,000$ تک اور اہل افراد کے لئے 500$ تک کی ایک بار،ٹیکس فری ادائیگی کرتا ہے۔ 2021 کے بجٹ میں بی سی ریکوری بینیفٹ کو فنڈ جاری رکھنے کے لئے 100 ملین ڈالر شامل ہیں۔ لوگ جون30، 2021 تک درخواست دے سکتے ہیں۔

**برٹش کولمبیا کے باشندوں کو صحت مند رکھنا**

صحت مند خاندان صحت مند معیشت اور صحتمند مستقبل کے لئے ناگزیر ہیں، اور بجٹ 2021 میں برٹش کولمبیا کے خاندانوں کو کووڈ-19 سے بچانے اور صحت اور ذہنی صحت کی خدمات کو وسعت دینا جاری رکھا گیا ہے جن پر لوگ، صحت مند اور محفوظ رہنے کے لئے انحصار کرتے ہیں۔

**بی سی کے کمزور(vulnerable) لوگوں کی اعانت کرنا**

بہت سارے لوگوں کے لئے جنہیں پہلے ہی نظامی رکاوٹوں یاجبر کا سامنا کرنا پڑا، کووڈ-19عالمی وباء کے اثرات نے موجودہ عدم مساوات کو بڑھاوا دیا ہے۔ سودیشی خواتین، غیر سفید فام لوگوں، معذور خواتین، غیر بائنری افراد اور 2SLGBTQ+کمیونٹی کے لوگوں کے لئےدیرینہ معاشی عدم تحفظ کے خطرے میں مذید اضافہ ہوا ہے۔ 2021 کے بجٹ میں عدم مساوات کا سامنا کرنے والے افراد کے لیےایسے پروگراموں اور فنڈنگ کو شامل کیا گیا ہے جو اعانت تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور ان کو توڑنے میں مدد کریں گے تاکہ لوگوں کو ضرورت کی مدد مل سکے، انہیں جب بھی ضرورت ہو۔

**آمدنی اور معذوری کی امداد**

مالی رکاوٹوں کا سامنا کرنے والے افراد کے لئے، بجٹ 2021 میں بی.سی. میں آمدنی اور معذوری کی امداد میں اب تک کا سب سے بڑا مستقل اضافہ بھی شامل ہے۔ 175$ماہانہ اضافہ پچھلے دو اضافونمیں جمع ہوتا ہے جو 2017 کے بعد سے مجموعی طور پر150 $ ہے اور سبجمع ہو کر ماہانہ325$ کی امدادی شرحوں میں ہے۔ بی.سی. میں 10 سال سے زیادہ عرصہ میں یہ تینوں اضافے سب سے پہلے اضافے تھے۔بجٹ 2021 میں سینئر کے لیےضمنی مالی امداد میں50$ کا اضافہ بھی فراہم کیا گیا ہے-1987 میں قائم ہونے کے بعد یہ پہلا اضافہ ہے اور اس سے 80،000 کم آمدنی والے بزرگوں کی مدد ہوگی۔

**چائلڈ آپرچیونیٹی بینیفٹ (Child Opportunity Benefit)**

اکتوبر 2020 سے، تقریباً300,000 خاندانوں نے چائلڈ آپرچیونیٹی بینیفٹ (Child Opportunity Benefit) حاصل کرنا شروع کیا، جو اس وقت تک جاری رہے گا جب بچہ 18 سال کا ہوجائے گا، جبکہ پچھلے بینیفٹ چھ سال کی عمر میں ہی بند ہو جاتے تھے۔ فیملیز جن کا ایک بچہ ہے وہ ہر سال 1,600 $ تک، دو بچوں کے لئے 2,600 $ تک، اور تین بچوں کے لئے 3,400 $ تک وصول کرتے ہیں۔ مجموعی طور پر، بی.سی. میں کنبے اس سال چائلڈ آپرچیونیٹی بینیفٹ کے ذریعے 410 ملین ڈالر وصول کریں گے۔

**بے گھری کا سامنا کرنے والے لوگوں کے لئے معاونت**

ایسے وقت میں جب برٹش کولمبیا کے باشندوں سے کہا گیا تھا کہ وہ گھر میں ہی رہیں، اپنے ہاتھ دھوئیں اور خود کو محفوظ رکھیں، بے گھری کا سامنا کرنے والے افراد کو خاص خطرہ تھا۔ بی.سی. نے لوگوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لئےپناہ گاہوں کے آپشن میں توسیع کے ذریعہ فوری اقدامات کیے، بشمول ہوٹل کے کمرے اور سہولیات کے ساتھ ہنگامی پناہ گاہیں کرائے پر لے کر 3،000 سے زیادہ عارضی جگہیں حاصل کر نا۔ 2021 کے بجٹ میں شامل ہیں:

- بے گھر ہونے یا اس خطرہ کا سامنا کرنے والے لوگوں کی معاونت اور خدمات فراہم کرنے کے لیے 2021-22 میں اضافی طور پر 265 ملین ڈالر، 3،000 عارضی ہنگامی پناہ گاہوں اور ہوٹل کی جگہوں کو برقرار رکھنے کے لئے جو عالمی وباء کے دوران بےگھری کا سامنا کرنے والے لوگوں کو جانے کے لئے ایک محفوظ جگہ فراہم کر کے ان کی اعانت کرتے ہیں۔
- ریپڈ ہاؤسنگ انیشیٹو(Rapid HousingInitiative) کے حصے کے طور پر وفاقی حکومت کے ساتھ شراکت میں مذید مستقل امدادی رہائش گاہیں کھولنا۔

یہ ہنگامی اقدامات اس وقت بے گھری کا سامنا کرنے والے افراد کی مدد کرنے کے لئے ایک اہم قدم ہے اور حکومت، لوگوں کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے، کمیونٹی کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر روک تھام، رہائش کے مزید مستقل آپشنس، اور معاون خدمات کی بنیاد پر بے گھری کے مربوط حل کے لئے کام جاری رکھے گی۔

**بی. سی. کے لیے زیادہ مساوی مستقبل کی تعمیر**

بجٹ 2021 مندرجه ذیل فراہم کر کے مزیداقدامات کرتا ہے، ان لوگوں کی مدد کرنے کے لئے جن کو سب سے زیادہ ضرورت ہے، بشمول سودیشی کمیونیٹیز، معذور افراد، خواتین اور نوجوان:

- کنبے، بچوں اور نوجوانوں کی خدمات کے لئے مالی منصوبے کے دوران $85 ملین، بشمول نگہداشت میں بچوں کی مدد کے لئے اضافی فنڈز، اور معذوری والے بچوں کو طبی سامان کے لیے زیادہ فنڈ فراہم کرنااورسماعت سے محروم یا سماعت میں دشواری والے بچوں کے لئے خدمات۔
- نشونما معذوری کا شکار 24،000 سے زیادہ بالغ افراد اور ان کے اہل خانہ کو امداد اور خدمات فراہم کرنے کے لئے تین سالوں میں کمیونٹی لیونگ بی سی (Community Living BC) کے لئے367 ملین ڈالر کی نئی فنڈنگ۔
- انصاف کے نظام کے لیے تین سالوں کے دوران 132 ملین ڈالر جو تمام برٹش کولمبیائی عوام کی خدمت کرتا ہے اور خاص طور پر خواتین، مرئی اقلیتوں، واحد والد/والدہ (سنگل پیرنٹس)، پناہ گزینوں، سودیشی عوام، 2SLGBTQ+کمیونٹی کے ارکان اور کم آمدنی والے لوگوں کے لئے انصاف کی بروقت اور مساوی رسائی مہیا کرتا ہے۔
- تربیت اور تعلیم کے ذریعہ صحت کی دیکھ بھال کے نظام میں نظامی سودیشی نسل پرستی کو دور کرنے میں مدد کے لئے ہر علاقائی ہیلتھ اتھارٹی میں فرسٹ نیشنز کی ثقافتی حفاظت اور فروتنی کی تربیت اور سودیشی رابطوں کے لیے مالی منصوبے کے دوران 45 ملین ڈالر۔
- ایبوریجنل ہیڈ اسٹارٹ پروگرام(Aboriginal Head Start program) میں 400 مزید جگہیں شامل کرنے کے لیے مالی منصوبے کے دوران20 ملین ڈالر، جو سودیشی خاندانوں کے لیے بلا معاوضہ، ثقافتی لحاظ سے متعلقہ نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔
- انڈیجینس اسکلز ٹریننگ پروگرام(Indigenous Skills Training program) کے ذریعہ پروگراموں تک رسائی کو بڑھانے کے لئے سیکڑوں سودیشی کمیونٹیز اور تنظیموں کے ساتھ شراکت کے لئے 17 ملین ڈالر۔
- کسی ایسے شعبے کی بحالی میں مدد کے لئے سیاحت کی سرمایہ کاری، جس میں غیر متناسب طور پر متاثر شدہ گروہ، افرادی قوت کے ایک اہم حصے کی نمائندگی کرتے ہیں۔

حکومت نسل پرستی کے خلاف لڑنے اور بی. سی. کو سب کے لئے مذید خیرمقدمی اور جامع بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ صوبہ، بی.سی. ہیومن رائٹس کمیشن کی بحالی، اسکولوں کے لیے مضبوط تر انسداد نسل پرستی کی امداد، اور ایک نئے انسداد نسل پرستی ایکٹ کی تیاری اور نسل پر مبنی ڈیٹا اکٹھا کرنے سے متعلق قانون سازی کے ذریعے نسل پرستی سے نمٹنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

بچوں کی دیکھ بھال کو بڑھاوا دینے، زندگی کو مزیدقابل استطاعت بنانے، غربت کو کم کرنے، بامعنی مفاہمت کو آگے بڑھانے اور ان خدمات میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے جن پر لوگ انحصار کرتے ہیں، بجٹ 2021 میں اہم نئی سرمایہ کاری کی گئی ہے تاکہ برٹش کولمبیا کے لئے مستقبل میں بحالی کی تعمیر کریں جس میں سب لوگ شامل ہوں۔

**رابطہ کریں:**
وزارت خزانہ
میڈیا ریلیشنز
250 387-5710

---

بی. سی. صوبے کے ساتھ news.gov.bc.ca/connect پر مربوط ہوں